Department of Education

Joel I. Klein
Chancellor

Kathleen Grimm
Deputy Chancellor

ستمبر، 2009

مکرمی والدین / سرپرست،

ہم اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے آپکو ایک وفاقی پروگرام کے بارے میں بتانا چاہتے ہیں جو آپکے خاندان کو ہر سال آپکے ہر بچے کے لیے 250$ بچا سکتا ہے اور اسکے ساتھ ہی آپکے بچے کو غذائیت بخش اور مزیدار کھانے فراہم کرسکتا ہے- یہ پروگرام نیشنل اسکول لنچ پروگرام (NSLP) ہے اور یہ ان کنبوں کو مفت یا کم قیمت کھانا فراہم کرتا ہے جنکی آمدنی کچھ رہنمائی خطوط کے اندر ہے- ماہرین اس پر متفق ہیں کہ وہ طلبا جو غذائیت بخش کھانے کھاتے ہیں وہ تعلیم کے لیے بہتر مستعد ہوتے ہیں-

ان گھرانوں کے بچے جو آمدنی کے وفاقی رہنمائی خطوط کی تکمیل کرتے ہیں وہ مفت یا کم قیمت کھانے کے اہل ہونگے- اپنے بچے کی اہلیت کا تعین کرنے کے لیے ہر والدین یا سرپرست کے لیے اسکول کھانے کی ایک درخواست مکمل کرنا اور جمع کروانا لازمی ہے- درخواستیں اسکول میں تعلیمی سال کے آغاز میں تقسیم کی جاتی ہیں اور واپس ملنے پر انکا جائزہ لیا جاتا ہے- اپنی سہولت کے لیے آپ آن لائن www.nyc.gov/accessnyc پر ایکسس این وائی سی (ACCESS NYC) پر جاکر بھی اپنے گھرانے کے تمام اسکول کی عمر کے بچوں کے لیے درخواست مکمل کرسکتے ہیں-

وہ طلبا جنکے اہلِ خانہ درخواست مکمل نہیں کرتے ہیں ان سے ہمارے اسکول میں انکو پیش کیے گئے ہر لنچ کے لیے فی کھانا 1.50$ کی مکمل قیمت ادا کرنے کی توقع کی جاتی ہے- درخواست جمع کروانے سے پہلے، ایک طالب علم کی لنچ کی ادائیگی کی صورتِ حال پچھلے سال کے مطابق ہوتی ہے- ایک طالب علم جسکی پچھلے سال پوری قیمت ادا کرنے کے طور پر درجہ بندی کی گئی تھی، اسکے لیے اسکول کھلنے پر لنچ کے لیے 1.50$ ادا کرنا لازمی ہیں اگرچہ طالب علم کے خاندان کو قومی بحران کے نتیجے میں معاشی دھچکا لگا ہو- اس لیے، ہم، تمام گھرانوں سے اسکول کے کھانے کی ایک نئی درخواست فوری طور پر جمع کروانے پر زور دیتے ہیں تاکہ انکے بچوں سے انکی معاشی صورتِ حال کے مطابق کھانے کی قیمت مانگی جائے- اسکے علاوہ، تعلیمی سال 2009/2010 کے لیے فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 16 اکتوبر، 2009 ہے- اس تاریخ کے بعد، تمام بچے جو درخواست جمع کروانے میں ناکام رہیں گے انکو اپنے کھانوں کی مکمل قیمت ادا کرنی پڑے گی اس سے قطع نظر کہ تعلیمی سال 2008/2009 میں انکی صورتِ حال کیا تھی-

اگر آپکو اسکول کے کھانے کی درخواست کو مکمل کرنے میں مدد درکار ہے یا آپکو ایک نئی درخواست کی ضرورت ہے، براہ کرم اپنے اسکول کے والدین ربط دہندہ سے رابطہ کریں یا اسکول فوڈ کے دفتر کے ہیلپ ڈیسک پر4400-707 (718) فون کریں- بہت سے پرنسپل عملے کے کسی ممبر کو NSLP پروگرام کے معاملات کے لیے اسکول کے ماہر کے بطور نامزد کرتے ہیں-

بصد خلوص،

کیتھلین گِرم Kathleen Grimm

52 Chambers Street • Room 320 • New York, NY 10007
Telephone: 212-374-0209 Fax: 212-374-5588